# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : فوزیہ رضوان

پہلی جماعت کے لئے



| | |
|---|---|
| ٹیچر کیلئے نوٹ | • کہانی ''گرگٹ کہاں ہے؟'' کہانی کے انداز میں ایک کھیل ہے۔ تصویروں میں چھپا گرگٹ ڈھونڈھنا بچوں کے لئے ایک دلچسپ مشغلہ بن جائے گا۔ اس کے ساتھ ساتھ مختلف جانوروں اور کیڑوں کا ذکر بھی ہے۔ ان کی حرکات کو کہانی میں بیان کیا گیا ہے۔ کہانی پڑھنے کے بعد ٹیچر کہانی میں دیئے گئے جانوروں اور کیڑوں کے علاوہ مختلف جانوروں اور کیڑوں کی حرکات اور سکنات پر کام کروا سکتی ہیں۔ |
| نوٹ | • سبق کے مندرجہ ذیل الفاظ کے فلیش کارڈز ٹیچر پہلے تیار کرلیں۔<br>گرگٹ۔ کہاں۔ چڑیا۔ چہک۔ خرگوش۔ اچک۔ مینڈک۔ پھدک۔ مکھی۔ بھنک۔ گرج۔<br>• ٹیچر اپنے ساتھ مختلف قسم کے جانوروں کی تصویریں لے کر آئیں۔ مثلاً<br>رینگنے والے جانور۔ پرندے۔ بڑے جانور یا چوپائے۔ کیڑے مکوڑے۔ |

## سیشن 1

| | |
|---|---|
| 45 منٹ | • کتاب کھلوانے سے پہلے بورڈ پر خانے بنائیں۔ ان خانوں میں جانوروں کی قسمیں یا خاندان انگریزی اور اردو دونوں میں لکھیں تاکہ بچے بہتر طریقے سے سمجھ سکیں۔ |

| جانور | پرندے | رینگنے والے | کیڑے |
|---|---|---|---|
| Animals | Birds | Reptiles | Insects |

• اب ٹیچر بچوں کو تصویر دکھا کر اس جانور کا نام پوچھیں اور درست خانے میں اس کا نام لکھیں اور ہو سکے تو ٹیپ سے اس کے ساتھ تصویر بھی چپکا دیں۔ اس طرح بچوں کو مختلف جانوروں کے متعلق معلومات حاصل ہوں گی۔

• ٹیچر بچوں کی کتابیں کھلوائیں اور آہستہ آہستہ صاف اور بلند آواز میں سبق کی پڑھائی کریں اور ساتھ ساتھ بچوں سے سوالات بھی کرتی جائیں کہ

• کیا آپ کو گرگٹ نظر آیا؟
• اگر نظر آیا تو کون سا حصہ نظر آیا؟ (جیسے سر یا جسم) اس طرح پورا سبق پڑھیں۔
• چڑیا نے کیسے پوچھا؟ جب بچے جواب دیں تو پوچھیں۔
• چہک کر کیوں پوچھا بھونک کر کیوں نہیں پوچھا؟

- پھر ان کو بتائیں کہ اردو زبان میں مختلف جانوروں کے بولنے کے انداز کو مختلف نام دیئے گئے ہیں۔
مثلاً چڑیوں کا چہچہانا۔ کتے کا بھونکنا۔
- ان سے بھی کچھ جانوروں کے بولنے کے بارے میں پوچھیں مثلاً بکری کا ممیانا۔ شیر کا دھاڑنا۔
کبوتر کا غٹرغوں کرنا ،غیرہ وغیرہ۔

## سیشن 2

15 منٹ
- سبق کے الفاظ فلیش کارڈز کی مدد سے پڑھائے جائیں ۔
- اب بچوں سے انفرادی سبق کی پڑھائی کروائیں۔ ٹیچر بچوں سے سوالات بھی کریں کہ ۔
- کون کون سے جانوروں کا سبق میں ذکر کیا گیا ہے؟
- چڑیا کا تعلق جانوروں کے کس خاندان سے ہے؟ اگر بچے نہ بتا سکیں تو انہیں بتائیں چڑیا کا تعلق پرندوں کے خاندان سے ہے۔

مکھی کا تعلق (کیڑے کے خاندان سے)
خرگوش کا تعلق (چوپائے کے خاندان سے)
گرگٹ کا تعلق (رینگنے والے جانوروں کے خاندان سے)

25 منٹ
- اب بورڈ پر مندرجہ ذیل نام لکھیں اور بچوں سے کہیں کہ ان ناموں کو کاپی میں اتار کر صحیح خاندانوں کے نام کے نیچے لکھیں۔ ٹیچر اس کام میں ان کی مدد کریں۔

خرگوش گھوڑا تتلی کچھوا مکھی چیل
کوا مینڈک لال بیگ چڑیا بلی چھپکلی

| کیڑے | رینگنے والے | پرندے | جانور |
|---|---|---|---|
| Insects | Reptiles | Birds | Animals |

گھر کا کام
5 منٹ
- گرگٹ کے بارے میں معلومات لے کر آئیں۔
- گرگٹ کہاں رہتا ہے؟
- وہ رنگ کیوں بدلتا ہے؟

- کون کون سے رنگ بدلتا ہے؟
- گرگٹ کی کوئی اور خاص بات بتائیں؟

## سیشن 3

10 منٹ
- بچوں سے پڑھائی کروائیں۔ پڑھائی میں تیز اور کمزور بچوں سے الگ الگ مکمل کہانی ایک ساتھ پڑھوائیں۔

15 منٹ
- بچے جو معلومات لائے ہیں ان کے بارے میں بات چیت کریں۔
- ٹیچر بورڈ پر گرگٹ کے مختلف حصے جو کہ پہلے سے بنا کر اپنے ساتھ کلاس میں لائی ہیں بچوں کو دکھائیں۔ پھر اسے ٹیپ کے ذریعہ سوفٹ بورڈ پر چپکا دیں اور ان حصوں کے نام لکھیں۔
- اب مختلف حصے دکھا کر بچوں کے سامنے انہیں جوڑیں۔




20 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ گرگٹ کی تصویر ایک کاغذ پر بنائیں۔ بورڈ پر سے دیکھ کر مختلف حصوں کے نام لکھیں اور بعد میں رنگ بھریں۔

گھر کا کام
- گھر سے کسی بڑے کی مدد سے باغ میں پائے جانے والے کم از کم چار کیڑوں اور پرندوں کے نام اور ان کی انگریزی پوچھیں اور لکھ کر لائیں۔

چیونٹی (ant)۔ مکڑی (spider)۔ سانپ (snake)۔ طوطا (parrot)۔ بلی (cat)۔
گرگٹ (chameleon)۔ خرگوش (rabit)۔

## سیشن 4

15 منٹ

- بورڈ پر حروف الگ کر کے لکھیں اور بچوں کو لکھنا سمجھائیں۔

خ ر گ و ش . . . م ے ن ڈ ک . . . چ ڑ ی ا . . . گ ر گ ٹ . . . م ک ھ ی . . . .

25 منٹ

- ٹیچر بچوں سے کہیں کہ پہلے بورڈ پر لکھی توڑ کاپی میں اتاریں اس کے بعد ان الفاظ کو جوڑ کر لکھیں۔ اس موقع پر ٹیچر بچوں کی بھرپور مدد کریں اور ساتھ ساتھ ان کی حوصلہ افزائی بھی کرتی جائیں۔

## سیشن 5

15 منٹ

- بچوں سے جانوروں کے چلنے پر بات کریں کہ کون سا جانور کیسے چلتا ہے؟

(۱) چڑیا اڑتی ہے۔ (۲) گھوڑا دوڑتا ہے۔

(۳) مینڈک پھدکتا ہے۔ (۴) سانپ رینگتا ہے۔

- بچے ساتھ ساتھ دوسرے نام بھی بتائیں۔
- بچے مختلف چیزوں مثلاً (گھوڑا۔ مینڈک۔ سانپ) کی طرح باری باری چل کر دکھائیں۔ ٹیچر نسبتاً شرمیلے بچوں سے یہ حرکات ضرور کروائیں۔

30 منٹ

- ٹیچر بورڈ پر نامکمل جملے لکھیں۔ بچے کاپی میں اتار کر خالی جگہیں پر کریں۔ ٹیچر خالی جگہوں میں پر کرنے والے الفاظ پہلے ایک box میں لکھ دیں۔

### کون کیسے چلتا ہے؟

(۱) سانپ ____________ ہے۔

(۲) چڑیا ____________ ہے۔

(۳) خرگوش ____________ ہے۔

(۴) مینڈک ____________ ہے۔

(۵) گھوڑا ____________ ہے۔

(۶) مچھلی ____________ ہے۔

| | |
|---|---|
| دوڑتا | تیرتی |
| رینگتا | پھدکتا |
| اڑتی | اچھلتا |

# گرگٹ کہاں ہے؟

## ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بُک گروپ، کراچی
مطبع : جے۔ ٹی ۔ ایس پرنٹرز

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 431-0641, 453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk